लक्ष्यं विश्वमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 6th Semester Examination, 2023

## URDACOR13T-URDU (CC13)

Time Allotted: 2 Hours

Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب تحریر کیجیے: 2×5 = 10

(i) غالب کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(ii) غالب کس سنہ میں کلکتہ آئے؟

(iii) غالب کے دو شاگردوں کے نام بتائے۔

(iv) "یادگار غالب" کس کی تصنیف ہے؟

(v) غالب کا پورا نام اور پہلا تخلص لکھیے۔

(vi) غالب کے والد اور ان کے چچا کے نام تحریر کیجیے۔

(vii) "عود ہندی" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(viii) "کلکتے کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں"

شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائے۔

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے: 10×2 = 20

(الف) غالب کے حالات زندگی اختصار کے ساتھ بیان کیجیے۔

(ب) غالب کی غزل گوئی پر سیر حاصل تبصرہ کیجیے۔

(ج) بحیثیت مکتوب نگار غالب کا ادبی مقام متعین کیجیے۔

(د) غالب کا سفر کلکتہ کا حال اختصار کے ساتھ لکھیے۔

.3 درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: 10×1 = 10

(i) زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی
کیوں ترا راہِ گزر یاد آیا

(ii) بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

.4 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: 10×1 = 10

(الف) ''صاحب! تم جانتے ہو کہ یہ معاملہ کیا ہے اور کیا واقع ہوا؟ وہ ایک جنم تھا کہ جس میں ہم تم باہم دوست تھے اور طرح طرح کے ہم میں تم میں معاملاتِ مہر و محبت در پیش آئے۔ شعر کہے' دیوان جمع کیے۔ اسی زمانے میں ایک اور بزرگ تھے کہ وہ ہمارے تمہارے دوست دلی تھے اور منشی نبی بخش ان کا نام اور حقیر تخلص تھا۔ ناگاہ' نہ وہ زمانہ رہا نہ وہ اشخاص' وہ معاملات' نہ وہ اختلاط' نہ وہ انبساط۔''

(ب) '' کل تمہارے خط میں دو بار یہ کلمہ مرقوم دیکھا کہ بڑا شہر ہے ہر قسم کے آدمی وہاں بہت ہوں گے۔ اے میری جان! یہ وہ دلّی نہیں ہے' جس میں تم پیدا ہوئے ہو' وہ دلّی نہیں ہے جس میں تم نے علم تحصیل کیا ہے۔ وہ دلّی نہیں ہے جس میں تم شعبان بیگ کی حویلی میں مجھ سے پڑھنے آتے تھے۔ وہ دلّی نہیں ہے جس میں سات برس کی عمر سے آتا جاتا ہوں' وہ دلّی نہیں ہے جس میں اکیاون برس سے مقیم ہوں۔''

———×———

लक्ष्यं विश्वमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 6th Semester Examination, 2023

## URDACOR14T-URDU (CC14)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب دیجیے: — 2×5 = 10

(i) بنگال کے ابتدائی دور کے دو غزل گو کے نام بتایئے.

(ii) مخلص مرشدآبادی کا کوئی ایک شعر تحریر کیجیے.

(iii) وحشت کلکتوی کا اصل نام بتایئے.

(iv) پرویز شاہدی کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟

(v) فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل کون تھے ؟

(vi) " حزنِ اختر" کیا ہے؟ اس کے خالق کا نام بتایئے.

(vii) نصاب میں شامل اشک امرتسری کی نظم کا عنوان تحریر کیجیے.

(viii) " بنگال میں اردو" کے مصنف کا نام بتایئے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے: — 10×2 = 20

(i) بنگال میں اردو نثر کے آغاز و ارتقاء سے بحث کیجیے.

(ii) بنگال میں اردو زبان و ادب کی تاریخ کا اختصار سے جائزہ لیجیے.

(iii) عبدالغفور خاں نساخ کی غزلیہ شاعری پر روشنی ڈالیے.

(iv) بنگال میں اردو غزل پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیجیے.

3. درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجیے:  10×1 = 10

(i) مثنوی حزنِ اختر (ii) بڈّھا آتا ہے

4. کسی دو اشعار کی ناقدانہ تشریح کیجیے۔  5×2 = 10

(i) قدم آہستہ رکھ غافل کہ یہاں ہر گام پر تیرے
کہیں خاک سکندر ہے کہیں خونِ فریدوں ہے

(ii) سجن تجھ کو مجھ سے وفا کچھ نہیں
جفا مجھ سے کرنا بھلا کچھ نہیں

(iii) اے بادِ صبا محفلِ احباب میں کہو
دیکھا ہے جو کچھ حال تہہ دام ہمارا

(iv) آئینہ حقیقت کا دکھایا جو کسی نے
منھ پیٹ لیا لذتِ افسانہ گری نے

——×——

लक्ष्यं विश्वमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 6th Semester Examination, 2023

## URDADSE05T-URDU (DSE3/4)

Time Allotted: 2 Hours　　　　Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب دیجئے:　　　2×5 = 10

(i) "اودھ پنچ" کی اشاعت کہاں سے ہوئی؟

(ii) اکبرالہ آبادی کے کسی ایک ہم عصر شاعر کا نام لکھیے.

(iii) اردو کے دو اہم طنز و مزاح نگاروں کے نام تحریر کیجئے.

(iv) طنز و مزاح کے مابین کوئی ایک فرق واضح کیجئے.

(v) پطرس بخاری کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(vi) طنز و مزاح کا آغاز کب ہوا؟

(vii) اکبرالہ آبادی کا کوئی ایک ظریفانہ شعر تحریر کیجئے.

(viii) "اردو ادب میں طنز و مزاح" کس کی کتاب ہے؟

2. درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجئے:　　　10×2 = 20

(i) طنز و مزاح کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو ادب میں اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالئے.

(ii) نظم "آدمی نامہ" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے.

(iii) نظیر اکبر آبادی کو بحیثیت مزاح نگار پیش کیجئے.

(iv) اردو نثر میں طنز و مزاح کی ابتداء ارتقاء اور فروغ کا حال بیان کیجئے.

(v) پطرس بخاری کو بحیثیت مزاح نگار پیش کیجئے.

3. درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے: 10×1 = 10

(i) سودا کی طنزیہ شاعری کا جائزہ لیجئے۔

(ii) اکبر الہ آبادی کی ظریفانہ شاعری سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے: 10×1 = 10

(i) اودھ پنچ (ii) شہر آشوب اور طنزیہ مزاحیہ نظمیں

——×——

लक्ष्यं विद्यमानम्

# WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 6th Semester Examination, 2023

## URDADSE06T-URDU (DSE3/4)

Time Allotted: 2 Hours

Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.*

1. درج ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے جواب تحریر کیجئے: 2×5 = 10

(i) علی گڑھ تحریک کے روح رواں کون تھے؟

(ii) سرسید کے دو ہم عصروں کے نام بتائیے۔

(iii) سرسید کی پیدائش کب ہوئی؟

(iv) "تہذیب الاخلاق" میں کس نوعیت کے مضامین شائع ہوتے تھے؟

(v) "اسباب بغاوت ہند" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(vi) علی گڑھ مسلم یونیورسیٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(vii) "ریا" کا موضوع کیا ہے؟

(viii) سرسید لندن کب اور کیوں گئے تھے؟

2. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھیے: 10×2 = 20

(الف) "علی گڑھ تحریک اور سرسید" کے موضوع پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔

(ب) سرسید کی مقالہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(ج) سرسید کی تصانیف سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(د) سرسید کے عہد پر روشنی ڈالیے۔

3. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب دیجئے: 10×1 = 10

(الف) سرسید کے دو اہم رفقاء کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(ب) "ریا" کا خلاصہ قلمبند کیجئے۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا تنقیدی جائزہ لیجیے: 10×1 = 10

(الف) "اسباب بغاوت ہند"

(ب) "مخالفت"

——×——